وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ

اور اگر وہ بات کہتے ہیں کان رکھتا ہے ان کی بات کی طرف گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں لگی ہوئی دیوار سے

يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ

وہ جانتے ہیں ہر ایک حادثہ کو کہ پڑے گا ان پر وہ دشمن ہیں پس چوکس رہ ان سے

قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا
مار ہو ان کو خدا کی کہاں سے وہ پھرے جاتے ہیں اور جب کہا جاتا ہے ان کو آؤ

يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ
بخشش مانگے تمہارے لیے رسول اللہ کا موڑتے ہیں اپنے سر اور تُو دیکھتا ہے ان کو

يَصُدُّوْنَ وَ هُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۶﴾ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ
کہ وہ باز رہتے ہیں اور وہ تکبر کرتے ہیں برابر ہے ان پر کہ بخشش مانگے تو ان کے لئے

اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
یا نہ بخشش مانگے ان کے لیے ہرگز نہ بخشے گا اللہ ان کو یقیناً اللہ نہیں

يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۷﴾ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا
ہدایت کرتا قوم فاسقوں کو وہی ہیں جو کہتے ہیں مت خرچ کرو

عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ
ان پر جو پاس رسول اللہ کے ہیں یہاں تک کہ بھاگ جاویں اور اللہ کے لیے ہیں خزانے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸﴾ يَقُوْلُوْنَ
آسمان اور زمین کے ولیکن منافق نہیں سمجھتے کہتے ہیں

لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ
کہ اگر پھر جاویں ہم مدینہ کی طرف البتہ نکال دیں گے بڑے معزز اس میں سے بڑے ذلیل کو

وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اللہ کے لئے ہے عزت اور اس کے رسول اور ایمان والوں کے لیے ولیکن منافق

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ
نہیں جانتے اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ غافل کریں تم کو مال تمہارے

ع ۹/۱۳

وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ
اور نہ اولاد تمہاری ذکر سے اللہ کے اور جو کوئی کرے یہ کام

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
تو یہی لوگ ہیں خسارہ پانے والے اور خرچ کرو اس سے جو دیا ہم نے تم کو پہلے اس سے کہ

يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ

آوے کسی کو تم میں سے موت پھر کہے اے میرے رب کیوں نہ مہلت دی تُو نے مجھ کو ایک وقت

قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ⑩ وَ لَنْ يُّؤَخِّرَ

نزدیک تک تو خیرات دیتا میں اور ہوتا میں نیکوکاروں سے اور ہرگز نہ ڈھیل دے گا

اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑪

اللہ کسی جان کو جب آوے گی اجل اس کی اور اللہ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو

ع ٢ / ١٤

رکوعاتها ٢ ‏ سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ ‏ آیاتها ١٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَ

تسبیح کرتا ہے اللہ کی جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اسی کی بادشاہی ہے اور

لَهُ الْحَمْدُ ۡ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ② هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہی ہر شے پر قادر ہے وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو

فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③

بعض تم میں سے کافر ہیں اور بعض تم میں سے مومن اور اللہ اس کو جو تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ

پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو برحق اور صورتیں بنائیں تمہاری پھر اچھی بنائیں

صُوَرَكُمْ ۚ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ④ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

صورتیں تمہاری اور اس کی طرف ہے پھر جانا جانتا ہے وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہے

وَ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اور جانتا ہے جو کہ تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور اللہ جانتا ہے بات

الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ز

سینوں والی کو کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر ان کی جو کافر ہوئے پہلے

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ

تو چکھا انہوں نے وبال اپنے کام کا اور ان کے لئے عذاب دردناک ہے یہ بوجہ اس کے کہ

كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَ بَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز

آئے تھے ان کے پاس رسول ان کے روشن نشانوں کے ساتھ تو کہا انہوں نے کیا آدمی راہ دکھادیں گے ہم کو

فَكَفَرُوْا وَ تَوَلَّوْا وَّ اسْتَغْنَى اللّٰهُ ط وَ اللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٧﴾ زَعَمَ

پس وہ کافر ہوئے اور منہ پھیرلیا اور بے پروائی کی خدانے اور اللہ بے پرواہے تعریف کیا گیا دعویٰ کیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ط قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ

انہوں نے جنہوں نے حق پوشی کی کہ ہرگز نہ اُٹھائے جاویں گے وہ کہہ کیوں نہیں قسم ہے رب کی کہ ضرور تم اٹھائے جاؤ گے

ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ط وَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٨﴾ فَاٰمِنُوْا

پھر البتہ خبر دیئے جاؤ گے اس کے متعلق جو کیا ہے تم نے اور یہ اللہ پر آسان ہے پس ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ النُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ط وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اللہ اور اس کے رسول اور اس نور پر جو نازل کیا ہم نے اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو

خَبِيْرٌ ﴿٩﴾ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ط

باخبر ہے جس دن اکٹھا کرے گا تم کو اکٹھا کرنے کے دن یہ ہے دن ہار جیت کا

وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ

اور جو کوئی ایمان لائے اللہ پر اور عمل کرے اچھے دور کر دے گا اس سے اس کی بُرائیاں اور

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

داخل کرے گا اس کو بہشتوں میں جاری ہوں گی نیچے ان کے نہریں رہنے والے ہیں اس میں

اَبَدًا ط ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠﴾ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا

ہمیشہ یہ ہے مراد پانا بڑا اور جنہوں نے حق پوشی کی اور جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط وَ بِئْسَ

ہماری آیات کو یہی ہیں آگ والے رہنے والے اس میں اور بُری ہے

الْمَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يُّؤْمِنْ

پھرنے کی جگہ نہیں پہنچتی کوئی مصیبت بجز اذن الٰہی کے اور جو کوئی ایمان لاوے

بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ وَ اَطِيْعُوا

اللہ پر وہ ہدایت کرتا ہے اس کے دل کو اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے اور اطاعت کرو

اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا

اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی پھر اگر پھر جاؤ گے تم تو صرف ہمارے رسول پر تو

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۳﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

پہنچا دینا ہے کھلا کھلا اللہ نہیں کوئی معبود بجز اس کے اور اللہ ہی پر پس توکل کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ

ایمان والے اے لوگو جو ایمان لائے ہو یقیناً تمہاری بیویوں اور

اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا

تمہاری اولاد میں سے دشمن ہیں تمہارے پس بچو ان سے اور اگر معاف کرو اور درگزر کرو

وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ

اور بخش دو ان کو پس یقیناً اللہ بخشنے والا مہربان ہے تمہارے مال اور

اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا

تمہاری اولاد تو صرف آزمائش ہے اور اللہ کے ہی پاس ہے ثواب بڑا پس ڈرو اللہ سے جتنا

اسْتَطَعْتُمْ وَ اسْمَعُوْا وَ اَطِيْعُوْا وَ اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ

ڈر سکو تم اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو بہتر ہوگا تمہاری جانوں کے لیے

وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنْ

اور جو کوئی بچایا جاوے بخل نفسانی سے پس یہی ہیں فلاح پانے والے اگر

تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ

تم قرض دو اللہ کو قرض اچھا وہ بڑھائے گا اس کو تمہارے لیے اور بخشے گا تم کو اور

اللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۹﴾

اللہ قدر دان تحمل والا ہے جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا غالب حکمت والا ہے

# سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ

رکوعاتها ٢ ‏ أياتها ١٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ

اے نبی جب طلاق دو تم عورتوں کو تو طلاق دو ان کو ان کی عدت کے شروع میں

وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ

اور شمار رکھو عدت کا اور ڈرو اللہ سے اپنے رب سے مت نکالو ان کو

مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَ لَا يَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ

اپنے گھروں سے اور نہ نکل جائیں وہ عورتیں مگر یہ کہ کریں بے حیائی کھلی کھلی

وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ

اور یہ احکام ہیں اللہ کے اور جو کوئی نکل جاوے حدود الٰہی سے پس اس نے ظلم کیا

نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ②

اپنی جان پر نہیں جانتا ہے تُو شاید کہ اللہ پیدا کرے پیچھے اس کے کچھ بات

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ

پھر جب پہنچیں وہ اپنی میعاد کو تو روک رکھو ان کو اچھی طرح یا

فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّ اَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَ

جدا کر دو ان کو دستور کے موافق اور گواہ کرلو دو صاحب عدل اپنے میں سے اور

اَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

قائم کرو گواہی خدا کے لیے یہ بات ہے کہ نصیحت دیا جاتا ہے اس کی ہر ایک جو ایمان لاوے

بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ

اللہ اور دن پچھلے پر اور جو کوئی ڈرے اللہ سے کرے گا وہ اس کے لئے

مَخْرَجًا ۝۳ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ

کوئی راہ نکلنے کی اور رزق دے گا اس کو اس جگہ سے جس کا نہیں گمان اسے اور جو توکل کرے

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ

اللہ پر پس وہ کافی ہے اس کو یقیناً اللہ پہنچنے والا ہے اپنے مقصد کو مقرر کیا اللہ نے

لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝۳ وَ الّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ

ہر شے کے لیے اندازہ اور وہ عورتیں جو نااُمید ہوگئی ہوں حیض سے تمہاری عورتوں میں سے

اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّ الّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَ

اگر شک میں ہو تم تو عدت ان کی تین مہینے ہے اور اسی طرح وہ جو نہیں حائض ہوئیں اور

اُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَ مَنْ يَّتَّقِ

حمل والیاں وقت ان کا کہ کرلیں وضع حمل اپنا اور جو کوئی ڈرے

اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۵ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ

اللہ سے تو وہ کرے گا اس کے لئے اس کا کام آسان یہ ہے حکم خدا کا اُتارتا ہے اس کو

اِلَيْكُمْ ؕ وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ يُعْظِمْ لَهٗٓ

تمہاری طرف اور جو کوئی ڈرے اللہ سے دُور کردے گا اس سے اس کی بُرائیاں اور بڑھادے گا اس کو

اَجْرًا ۝٦ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَ لَا

ثواب رہنے دو ان کو جس طرح سے رہتے ہو تم اپنے مقدور سے اور مت

تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ وَ اِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ

ایذاء دو ان کو تا کہ تنگی کرو ان پر اور اگر ہوں وہ حمل والیاں

فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ

تو خرچ کرو ان پر یہاں تک کہ کرلیں وضع حمل اپنا پھر اگر وہ دودھ پلاویں

لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَ اْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ

تمہاری خاطر تو دو ان کو اجرت ان کی اور موافقت رکھو آپس میں عمدگی سے

وَ اِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝۷ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ

اور اگر ایک دوسرے سے تنگی کرو تو دودھ پلاوے اس کو دوسری خرچ کرے صاحب وسعت

مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَ مَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ

اپنی وسعت کے مطابق اور وہ کہ تنگ کیا گیا جس پر اس کا رزق تو وہ خرچ کرے اس سے جو دیا ہے اس کو

اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ

اللہ نے نہیں تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر اس کے موافق جو دے رکھا ہے اس کو ضرور کرے گا اللہ

بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿٨﴾ وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا

پیچھے تنگی کے آسانی اور بہت بستیاں ہیں سرکشی کی انہوں نے اپنے رب کے حکم سے

وَ رُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ عَذَّبْنٰهَا عَذَابًا

اور اس کے رسولوں سے تو لیا ہم نے ان سے حساب سخت اور دی ہم نے ان کو سزا

نُّكْرًا ﴿٩﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَ كَانَ عَاقِبَةُ

بُری پس چکھا انہوں نے وبال اپنے کام کا اور تھا انجام

اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿١٠﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا

ان کے کام کا خسارہ تیار کیا اللہ نے ان کے لئے عذاب سخت پس ڈرو

اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛؕ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ

اللہ سے اے عقل مندو وہ جو ایمان لائے ہو یقیناً اُتارا ہے اللہ نے تمہاری طرف

ذِكْرًا ﴿١١﴾ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ

نصیحت کرنے والا رسول پڑھتا ہے تم پر آیات الٰہی بیان کرنے والی تا کہ نکالے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

ان کو جو ایمان لائے اور کام کئے اچھے اندھیروں سے روشنی کی طرف

وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ يَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اور جو کوئی ایمان لائے اللہ پر اور عمل کرے اچھے داخل کرے گا اس کو بہشتوں میں چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ

نیچے ان کے نہریں رہنے والے ہوں گے اس میں ہمیشہ بے شک اچھا دیا اللہ نے

لَهٗ رِزْقًا ﴿١٢﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ

اس کو رزق اللہ وہ ہے جس نے پیدا کئے سات آسمان اور زمین سے

ع ١٧/٢٨

معانقة ١٢ عند المتقدمين

مِثْلَهُنَّ ؕ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

مانند ان کے اترتا ہے حکم (اس کا) درمیان ان کے تا کہ جانو تم یہ کہ اللہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ⑬

ہر شئے پر قادر ہے اور یہ کہ اللہ نے گھیر لیا ہے ہر شے کو علم میں

ع ۲ ۱۸

# سُوْرَةُ التَّحْرِیْمِ مَدَنِیَّةٌ

رکوعاتها ۲ — آیاتها ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ①

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِیْ

اے نبی کیوں حرام کرتا ہے اس کو جو حلال کیا اللہ نے تیرے لیے تُو چاہتا ہے

مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ② قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ

رضامندی اپنی بیویوں کی اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے یقیناً مقرر کر دیا ہے اللہ نے

لَكُمْ تَحِلَّةَ اَیْمَانِكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَ هُوَ الْعَلِیْمُ

تمہارے لیے کھولنا تمہاری قسموں کو اور اللہ تمہارا دوست ہے اور وہ جاننے والا

الْحَكِیْمُ ③ وَ اِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا ۚ

حکمت والا ہے اور جب چھپا رکھی نبی نے طرف بعض اپنی بی بی کے ایک بات

فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَ اَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَ

پس جب خبر دی اس بی بی نے اس بات کی اور ظاہر کر دیا اس کو اللہ نے اس پر تو جتا دی اس نے بعض بات اس کی اور

اَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ

منہ پھیر لیا بعض سے تو جب خبر کی اس کی بی بی کو اس جتا دینے کی کہنے لگی کس نے خبر کی تم کو

هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ④ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَی اللّٰهِ

اس کی کہا خبر کی مجھ کو صاحب علم باخبر نے اگر تم توبہ کرتی ہو دونوں اللہ کی طرف

فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَ اِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ

تو جھک گئے دل تمہارے اور اگر ایک دوسرے کی مدد کروگی اس کے خلاف تو یقیناً اللہ ہے

هُوَ مَوْلٰىهُ وَ جِبْرِيْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ

اس کا دوست اور جبریل اور صالح لوگ مومن بھی اور فرشتے بھی بعد

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿٥﴾ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا

اس کے مددگار ہیں قریب ہے اس کا رب کہ اگر وہ طلاق دے تم کو یہ کہ بدلہ میں دے اس کو بیبیاں

خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ

بہتر تم سے مسلمان ایمان والیاں فرمانبردار توبہ کرنے والیاں عبادت کرنے والیاں

سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا ﴿٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا

روزہ دار بیاہی ہوئی اور باکرہ عورتیں اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ

اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ

اپنی جانوں اور اپنے اہل کو آگ سے کہ ایندھن اس کا لوگ اور پتھر ہیں

عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ

اس پر مقرر ہیں فرشتے سخت زور آور نہیں نافرمانی کرتے اللہ کی جو حکم کرے ان کو

وَ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا

اور وہ کرتے ہیں جو حکم کئے جاتے ہیں اے لوگو جو کافر ہوئے ہو مت عذر کرو

الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

آج صرف تم بدلہ دیئے جاؤ گے اس کا جو تم کرتے تھے اے لوگو جو

اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ

ایمان لائے ہو توبہ کرو طرف اللہ کی توبہ خالص قریب ہے رب تمہارا دور کردے

عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ يُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

تم سے برائیاں تمہاری اور داخل کرے تم کو بہشتوں میں جاری ہوں گی ان کے نیچے

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ

نہریں جس دن کہ نہ رسوا کرے گا اللہ نبی کو اور ان کو جو ایمان لائے اس کے ساتھ

ع ٤/١٩

نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

ان کا نور دوڑتا ہوگا آگے ان کے اور ان کے دائیں طرف کہیں گے

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَ اغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اے رب ہمارے پورا کر ہمارے لیے ہمارا نور اور بخش ہم کو یقیناً تو ہر شئے پر

قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ اغْلُظْ

قادر ہے اے نبی جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے اور سختی کر

عَلَيْهِمْ ؕ وَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ

ان پر اور ٹھکانا ان کا دوزخ ہے اور بُری ہے پھرنے کی جگہ بیان کی اللہ نے

مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ امْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ

مثال ان کے لیے جو کافر ہوئے عورت نوح اور عورت لوط کی دونوں تھیں ماتحت

عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا

دو بندوں کے ہمارے بندوں نیکو کاروں میں سے پس خیانت کی ان دونوں نے ان کی تو نہ کام آئے دونوں

عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ قِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝ وَ

ان عورتوں کے اللہ کے مقابل کچھ اور کہا گیا داخل ہو آگ میں ساتھ داخل ہونے والوں کے اور

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

بیان کی اللہ نے مثال ان کے لیے جو ایمان لائے عورت فرعون کی جب کہا اس نے

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَ نَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ

اے میرے رب بنا میرے لیے اپنے حضور گھر بہشت میں اور نجات دے مجھ کو فرعون

وَ عَمَلِهٖ وَ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَ مَرْيَمَ ابْنَتَ

اور اس کے عمل سے اور نجات دے مجھ کو قوم ظالموں سے اور مریم بیٹی

عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

عمران جس نے حفاظت کی اپنی شرمگاہ کی تو پھر پھونکا ہم نے اس میں اپنی روح میں سے

وَ صَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَ كُتُبِهٖ وَ كَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

اور مانتی تھی کلمات اپنے رب کے اور اس کی کتابیں اور تھی وہ فرمانبرداروں میں سے

رکوعاتها ٢ سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ اٰياتها ٣١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

(میں پڑھتاہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

بہت برکت والاہے وہ جس کے ہاتھ میں ہے بادشاہی اور وہ ہر شئے پر

قَدِيْرُ ۙ② الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

قادر ہے جس نے بنائی موت اور زندگی تا کہ آزماوے تم کو کون سا تم میں سے

اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ③ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

بہتر ہے عمل میں اور وہ غالب بخشنے والاہے جس نے بنائے سات

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط

آسمان اوپر تلے نہ دیکھے گا تو پیدائش رحمٰن میں کوئی نقص

فَارْجِعِ الْبَصَرَ لا هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ④ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

پس دوبارہ نظر کر کیا دیکھتاہے تُو کوئی شگاف پھر دوبارہ نظر کر

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ ⑤ وَ

دو دفعہ پھر آوے گی تیری طرف نظر ذلیل ہوکر اور وہ تھکی ہوئی ہے اور

لَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَ جَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

البتہ آراستہ کیا ہم نے آسمان دُنیا کو چراغوں سے اور بنایا ہم نے ان کو زَد

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ⑥ وَ لِلَّذِيْنَ

شیطانوں کے لیے اور تیار کیا ہم نے ان کے لئے عذاب دوزخ سے اور ان کے لیے جو

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ط وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑦ اِذَآ

کافر ہوئے اپنے رب کے عذاب ہے دوزخ کا اور بُری ہے پھرنے کی جگہ جب

اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّ هِيَ تَفُوْرُ ﴿٨﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ

ڈالے جاویں گے اس میں سنیں گے اس کی زور کی آواز اور وہ جوش کرتی ہوگی قریب ہے کہ پھٹ جاوے

مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ

جوش سے جب ڈالی جاوے گی اس میں کوئی جماعت پوچھیں گے ان سے چوکیدار اس کے کیا نہ

يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ﴿٩﴾ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ۬ فَكَذَّبْنَا وَ

آیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا کہیں گے کیوں نہیں بلکہ آیا تھا ہمارے پاس ڈرانے والا مگر جھٹلایا ہم نے اور

قُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿١٠﴾

کہا ہم نے نہیں اتارا اللہ نے کچھ نہیں ہو تم مگر گمراہی بڑی میں

وَ قَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١١﴾

اور کہیں گے اگر ہوتے ہم سنتے یا سمجھتے نہ ہوتے ہم دوزخ والوں میں سے

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١٢﴾ اِنَّ

پس اقرار کیا انہوں نے اپنے گناہوں کا پس دوری ہے دوزخ والوں کو یقیناً

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ

وہ جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے ان کے لیے بخشش اور ثواب

كَبِيْرٌ ﴿١٣﴾ وَ اَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

بڑا ہے اور تم چھپاؤ اپنی بات یا پکار کر کہو اس کو یقیناً وہ جانتا ہے بات

الصُّدُوْرِ ﴿١٤﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٥﴾ هُوَ

سینوں والی کو کیا نہ جانے وہ جس نے پیدا کیا اور وہ باریک دیکھنے والا باخبر ہے وہ

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَ

جس نے بنائی تمہارے لیے زمین ماتحت پس چلو اس کی راہوں میں اور

كُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿١٦﴾ ءَ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ

کھاؤ اس کے رزق سے اور اس کی طرف جی اٹھنا ہے کیا نڈر ہو تم اس سے کہ جو آسمان میں ہے

اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ﴿١٧﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ

یہ کہ دھنسا دیوے تم کو زمین میں پھر اچانک وہ جنبش کرے یا نڈر ہو تم اس سے جو

فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ

آسمانوں میں ہے یہ کہ بھیجے تم پر مینہ پتھروں کا پھر البتہ جانو گے کیسا تھا

نَذِيْرِ ﴿١٨﴾ وَ لَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿١٩﴾

میرا ڈرانا اور البتہ جھٹلایا انہوں نے جو پہلے تھے ان سے پس کیسا ہوا عذاب میرا

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّ يَقْبِضْنَ ؔؕ مَا

کیا نہ دیکھا انہوں نے طرف پرندوں کے اپنے اوپر پر کھولے ہوئے اور سمیٹ بھی لیتے ہیں نہیں

يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ﴿٢٠﴾ اَمَّنْ هٰذَا

روک سکتا ان کو بجز رحمان کے یقیناً وہ ہر شے کو دیکھنے والا ہے آیا کون ہے وہ

الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ

جو لشکر ہو تمہارا مدد دے تم کو سوائے رحمان کے نہیں ہیں

الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿٢١﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ

کافر مگر فریب میں یا کون ہے وہ جو رزق دیتا ہے تم کو اگر

اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿٢٢﴾ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا

روک لیوے اپنا رزق بلکہ لگے جاتے ہیں سرکشی اور نفرت میں پس کیا وہ جو چلتا ہے اوندھا

عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٣﴾

اپنے منہ کے بل بہت ہدایت یافتہ ہے یا وہ جو چلتا ہے سیدھا راہ راست پر

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

کہہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو اور بنائے تمہارے لیے کان

وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٤﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ

اور آنکھیں اور دل تھوڑا ہے جو تم شکر کرتے ہو کہہ وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

پھیلایا تم کو زمین میں اور اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے اور کہتے ہیں کب ہے یہ

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪

وعدہ اگر ہو تم سچے کہہ علم تو صرف اللہ ہی کے نزدیک ہے

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

وَ اِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ

اور میں تو صرف ڈرانے والا ہوں کُھلا کُھلا پس جب دیکھیں گے اس کو نزدیک بگڑ جاویں گے

وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ قِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ

منہ ان کے جو کافر ہوئے اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جو تم مانگتے تھے کہہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَ مَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ

کیا دیکھا تم نے اگر ہلاک کرے مجھ کو اللہ اور ان کو جو میرے ساتھ ہیں یا رحمت کرے ہم پر تو کون

يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

پناہ دے گا کافروں کو عذاب دردناک سے کہہ وہ ہے رحمٰن کہ ایمان لائے ہم اس پر

وَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ قُلْ

اور اسی پر توکل کیا ہم نے پس ضرور جانو گے تم کون ہے گمراہی ظاہر میں کہہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۱﴾

بتاؤ تو سہی اگر ہو جاوے تمہارا پانی خشک تو کون لاوے گا تمہارے پاس پانی جاری

ع ۲ / ۲

## سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ

رکوعاتها ۲ — آیاتها ۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۱﴾

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ رحمٰن رحیم کے

نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ ﴿۲﴾ ۙ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ

ن۔ قسم ہے قلم کی اور اس کی جو لکھتے ہیں نہیں تُو فضل سے اپنے رب کے

بِمَجْنُوْنٍ ﴿۳﴾ ۚ وَ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿۴﴾ ۚ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى

دیوانہ اور یقیناً تیرے لیے البتہ ثواب ہے بے انتہا اور یقیناً تُو البتہ

خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾ فَسَتُبْصِرُ وَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۶﴾ ۙ بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿۷﴾

خُلق بڑے پر ہے پس ضرور دیکھے گا تُو اور وہ بھی دیکھیں گے کہ کون تم میں سے خبطی ہے

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۪ وَ هُوَ اَعْلَمُ

یقیناً تیرا رب ہی خوب جانتا ہے اس کو جو گمراہ ہوا اس کی راہ سے اور وہی جانتا ہے

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٨﴾ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٩﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ

راہ پانے والوں کو پس مت کہا مان جھٹلانے والوں کا وہ چاہتے ہیں کہ تُو نرمی کرے

فَيُدْهِنُوْنَ ﴿١٠﴾ وَ لَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿١١﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۢ

تو وہ بھی نرمی کریں اور مت کہا مان ہر ایک سنگدل قسم کھانے والے ذلیل کا عیب جو چلنے والا

بِنَمِيْمٍ ﴿١٢﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿١٣﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ

ساتھ چغلی کے منع کرنے والا بھلائی سے سرکش گنہگار سنگدل پیچھے اس کے

زَنِيْمٍ ﴿١٤﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّ بَنِيْنَ ﴿١٥﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا

حرامی بھی اس لیے کہ تھا مال اور اولاد والا جب پڑھی جاتی تھیں اس پر ہماری آیتیں

قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٦﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿١٧﴾

کہتا کہانیاں ہیں پہلوں کی ضرور ہم داغ دیں گے اس کو ناک پر

اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

یقیناً آزمایا ہم نے ان کو جیسا کہ آزمایا تھا ہم نے باغ والوں کو جب کہ قسم کھائی انہوں نے

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿١٨﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿١٩﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا

البتہ کاٹ ڈالیں گے اس کو صبح ہوتے ہی اور نہ تھے وہ استثنا کرتے (یعنی انشاء اللہ نہیں کہتے تھے) پس پھر گیا اس پر

طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَ هُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿٢٠﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢١﴾

ایک پھر جانے والا عذاب تیرے رب کا اور وہ سوتے تھے پس وہ (باغ) ایسا ہو گیا جیسے جڑ سے کٹا ہوا ہے

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢٢﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

تو ایک دوسرے کو وہ پکارنے لگے صبح ہوتے ہی یہ کہ سویرے چلو اپنی کھیتی پر اگر ہو تم

صٰرِمِيْنَ ﴿٢٣﴾ فَانْطَلَقُوْا وَ هُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٤﴾ اَنْ لَّا

کاٹنے والے پھر چلے وہ اور وہ چپکے چپکے باتیں کرتے تھے یہ کہ نہ

يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٥﴾ وَّ غَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ

آجائے آج تمہارے پاس کوئی فقیر اور وہ سویرے گئے پورے اہتمام سے

قَادِرِيْنَ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٧﴾ بَلْ

اندازہ کرتے ہوئے پس جب دیکھا انہوں نے اس کو کہنے لگے یقیناً ہم راہ بھول گئے ہیں بلکہ

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا

ہم محروم ہیں کہا ان میں سے بہتر آدمی نے کیا نہ کہا تھا میں نے تم کو کہ کیوں نہیں

تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٩﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَاَقْبَلَ

تسبیح کرتے تم کہا انہوں نے پاک ہے ہمارا رب یقیناً ہم تھے ظالم پھر متوجہ ہوئے

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا

ایک دوسرے کی طرف ملامت کرتے ہوئے کہا انہوں نے اے وائے ہم پر یقیناً ہم تھے

طٰغِيْنَ ﴿٣٢﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا

سرکش قریب ہے کہ ہمارا ربّ بدلہ دیوے ہم کو بہتر اس سے یقیناً ہم اپنے رب کی طرف

رٰغِبُوْنَ ﴿٣٣﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ

رغبت کرنے والے ہیں اسی کی طرح ہے عذاب اور البتہ عذاب آخرت کا بہت بڑا ہے کاش

وقف لازم

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٣٥﴾

ع ٣

ہوتے وہ جانتے یقیناً متقیوں کے لیے پاس ان کے رب کے بہشت ہیں نعمتوں والے

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٧﴾

پس کیا ہم کر دیں مسلمانوں کو مانند گنہگاروں کے کیا ہے تمہیں کیسا فیصلہ کرتے ہو

اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿٣٨﴾ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا

کیا تمہارے لیے ہے کوئی کتاب کہ اس میں پڑھتے ہو یقیناً تمہارے لیے ہے اس میں جو

تَخَيَّرُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ

پسند کرو کیا تمہارے لیے قسمیں ہیں ہم پر پہنچنے والی دن قیامت تک یقیناً

معانقة ١٥ عند المتقدمين

لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿٤٠﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿٤١﴾ اَمْ لَهُمْ

تمہارے لیے ہے جو فیصلہ کرتے ہو پوچھ ان سے کون ان میں سے ہے اس پر ضامن کیا ان کے لیے

شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤٢﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ

شریک ہیں تو لے آویں اپنے شریکوں کو اگر ہیں وہ سچے جس دن کہ کھولا جائے گا

عَنْ سَاقٍ وَّ يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٤٢﴾ خَاشِعَةً

پنڈلی سے اور وہ بلائے جاویں گے سجدہ کی طرف تو نہ وہ کرسکیں گے نیچے ہوں گی

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَ قَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ

آنکھیں ان کی ڈھانکی ہوگی ان کو ذلت اور وہ بلائے جاتے تھے سجدہ کی طرف

وَ هُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَذَرْنِيْ وَ مَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ

اور وہ اچھے بھلے تھے پس چھوڑ مجھ کو اور اس کو جو جھٹلاتا ہے اس بات کو

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَ اُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ

آہستہ آہستہ ہم کھینچیں گے ان کو اسی طرح کہ نہیں وہ جانتے اور میں ڈھیل دوں گا ان کو یقیناً

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٦﴾

میری تدبیر مضبوط ہے کیا مانگتا ہے تُو ان سے کچھ بدلہ تو وہ تاوان سے بوجھل ہیں

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَ

کیا ان کے پاس غیب ہے کہ وہ لکھ لیتے ہیں پس صبر کر حکم اپنے رب کے لئے اور

لَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَ هُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿٤٨﴾

مت ہو مانند مچھلی والے کے جس وقت کہ پکارا اس نے اور وہ غم سے بھرا تھا

لَوْ لَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ

اگر نہ پالیا ہوتا اس کو نعمت نے جو اس کے رب کی طرف سے تھی البتہ ڈالا جاتا وہ چٹیل میدان میں

وَ هُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿٤٩﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ

اور وہ ہوتا ملامت کیا گیا مگر برگزیدہ کیا اس کو اس کے رب نے پھر کیا اس کو

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٥٠﴾ وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ

نیکو کاروں سے اور البتہ قریب ہے وہ جو کافر ہوئے کہ گرادیں تجھ کو

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٥١﴾

اپنی نظروں میں جب سنتے ہیں ذکر اور کہتے ہیں یقیناً یہ البتہ دیوانہ ہے

وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٢﴾

اور نہیں یہ مگر نصیحت جہانوں کے لیے

وقف لازم

وقف لازم

ع ٢

رکوعاتها ۲ سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ مَكِّيَّةٌ اٰياتها ۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

اَلْحَآقَّةُ ② مَا الْحَآقَّةُ ③ وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ④ كَذَّبَتْ

سچ مچ ہونے والی کیا ہے یقیناً ہونے والی اور کس چیز نے جتلایا تجھ کو کہ کیا ہے یقیناً ہونے والی جھٹلایا تھا

ثَمُوْدُ وَ عَادٌ بِالْقَارِعَةِ ⑤ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا

ثمود اور عاد نے ٹھوک کر سمجھانے والی کو پس جو ثمود تھے تو وہ ہلاک کئے گئے

بِالطَّاغِيَةِ ⑥ وَ اَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ⑦

بوجہ حد سے بڑھی ہوئی نافرمانی کے اور جو عاد تھے تو ہلاک کئے گئے ہوا تُند حد سے نکل جانے والی سے

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّ ثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى

کہ لگار کھا تھا اس کو ان پر سات رات اور آٹھ دن برابر پس دیکھتا تھا تُو

الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ⑧ فَهَلْ

اس قوم کو اس میں گری ہوئی گویا کہ وہ تنے ہیں کھجور کے کھوکھلے پس کیا

تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ⑨ وَ جَآءَ فِرْعَوْنُ وَ مَنْ قَبْلَهٗ وَ

دیکھتا ہے تُو ان میں سے کوئی باقی اور آیا فرعون اور جو پہلے اس سے تھے اور

الْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ⑩ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ

الٹ جانے والی بستیوں والے بوجہ خطا کاریوں کے پس نافرمانی کی انہوں نے اپنے رب کے رسول کی پھر پکڑا ان کو

اَخْذَةً رَّابِيَةً ⑪ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ⑫

پکڑنا بڑھ چڑھ کر یقیناً ہم نے جب طغیانی کی پانی نے چڑھا لیا تم کو کشتی میں

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّ تَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ⑬ فَاِذَا

تا کہ ہم بناویں اس کو تمہارے لیے یادگار اور یاد رکھے اس کو کوئی کان یاد رکھنے والا پس جب

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ وَّ حُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ

پھونکا جاوے گا صور میں پھونکنا ایک بار اور اُٹھائی جاوے گی زمین اور پہاڑ

فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ وَ انْشَقَّتِ

پھر توڑے جاویں گے توڑنا ایک بار تو اس دن ہو پڑے گی ہو پڑنے والی اور پھٹ جاوے گا

السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ وَّ الْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا

آسمان پس وہ اس دن سُست ہوگا اور فرشتے ہوں گے اس کے کناروں پر

وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ

اور اٹھاویں گے تخت تیرے رب کا اپنے اوپر اس دن آٹھ اس دن

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ

روبرو لائے جاؤ گے نہ چھپی رہے گی تم سے کوئی بات چھپی ہوئی پس جو کوئی دیا گیا عمل نامہ اپنا

بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ

اپنے داہنے ہاتھ میں تو کہے گا لو پڑھو عمل نامہ میرا یقیناً میں جانتا تھا کہ میں

مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾

ملنے والا ہوں اپنے حساب سے پس وہ ہے عیش خاطر خواہ میں بہشت بریں میں ہوگا

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ

کہ میوے اس کے جھکے ہوں گے کھاؤ اور پیو مزے سے بدلے اس کے جو کر چکے ہو تم

فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ

ایام گزشتہ میں اور جو کوئی دیا گیا اپنا عمل نامہ اپنے بائیں ہاتھ میں تو کہے گا وہ

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَ لَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿٢٦﴾ يٰلَيْتَهَا

اے کاش کہ میں نہ دیا گیا ہوتا اپنا اعمال نامہ اور نہ جانتا میں کیا ہے میرا حساب اے کاش کہ موت

كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّيْ

ہوتی یہ تمام کرنے والی نہ کام آئے میرے مال میرے جاتا رہا مجھ سے

سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ

غلبہ میرا پکڑو اس کو پھر طوق پہناؤ پھر دوزخ میں لے جاؤ اس کو پھر

فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٣﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا

زنجیر میں کہ پیمائش اس کی ستر ہاتھ ہے پھر داخل کرو اس کو یقیناً وہ تھا نہ

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٤﴾ وَ لَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٥﴾

ایمان لاتا اللہ عظمت والے پر اور نہ ترغیب دیتا تھا طعام مسکین کے لیے

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿٣٦﴾ وَّ لَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿٣٧﴾

پس نہیں اس کا آج اس جگہ کوئی دوست اور نہ کھانا بجز دھووَن زخموں کے

لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ﴿٣٨﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾ وَ

نہ کھائے گا اس کو کوئی بجز گناہ گاروں کے پس میں قسم کھاتا ہوں اس کی جو دیکھتے ہو تم اور

مَا لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٤٠﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿٤١﴾ وَّ مَا هُوَ

اس کی جو نہیں دیکھتے تم یقیناً وہ البتہ قول ہے رسول معزز کا اور نہیں وہ

بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَ لَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ؕ قَلِيْلًا

قول شاعر کا تھوڑا ہی تم ایمان لاتے ہو اور نہیں قول کاہن کا تھوڑا ہی

مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَ لَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا

تم نصیحت پکڑتے ہو اتارا ہوا ہے طرف سے رب العالمین کے اور اگر یہ گھڑ لیوے ہم پر

بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿٤٥﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿٤٦﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا

بعض باتیں البتہ پکڑتے ہم اس کو داہنے ہاتھ سے پھر کاٹ ڈالتے ہم

مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿٤٧﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَ اِنَّهٗ

اس سے رگ گردن کو پھر نہ ہووے تم میں سے کوئی اس سے روکنے والا اور یقیناً یہ

لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٩﴾ وَ اِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿٥٠﴾

البتہ یاد دہانی ہے متقیوں کے لیے اور یقیناً ہم البتہ جانتے ہیں کہ بعض تم میں سے جھٹلانے والے ہیں

وَ اِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥١﴾ وَ اِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٥٢﴾

اور یقیناً یہ البتہ حسرت ہوتی کافروں کے لیے اور یقیناً یہ البتہ بالکل یقینی بات ہے

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٥٣﴾

پس تسبیح کر نام اپنے رب عظمت والے کی

# سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ

رکوعاتها ۲ — اٰیاتها ۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ② لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ

پوچھا ایک پوچھنے والے نے عذاب کی بابت جو واقع ہونے والا ہے کافروں پر نہیں کوئی اس کو

دَافِعٌ ③ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ④ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ

دفع کرنے والا عذاب طرف سے اللہ کی ہے جو بہت بلندیوں پر ہے چڑھتے ہیں فرشتے اور روح

اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ⑤ فَاصْبِرْ

اس کی طرف اس دن کہ مقدار اس کی پچاس ہزار برس ہے پس صبر کر

صَبْرًا جَمِيْلًا ⑥ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ⑦ وَّ نَرٰىهُ قَرِيْبًا ⑧ يَوْمَ

صبر اچھا یقیناً وہ دیکھتے ہیں اس کو دور اور ہم دیکھتے ہیں اس کو نزدیک جس دن

تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ⑨ وَ تَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ⑩ وَ لَا

ہوگا آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح اور ہوویں گے پہاڑ مانند دھنی ہوئی پشم کے اور نہ

يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ⑪ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ؕ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ

پوچھے گا کوئی دوست کسی دوست کو وہ دکھلائے جاویں گے ان کو چاہے گا گنہگار کاش کہ بدلہ دیوے

مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِ ⑫ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ اَخِيْهِ ⑬ وَ فَصِيْلَتِهِ

عذاب سے اس دن کے اپنے بیٹے اور اپنی اہلیہ اور اپنا بھائی اور اپنا کنبہ

الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ⑭ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ⑮

جو پناہ دیتا تھا اس کو اور وہ سب جو بھی زمین میں ہیں سارے پھر چھڑا دے یہ بدلہ دینا اس کو

كَلَّا ؕ اِنَّهَا لَظٰى ⑯ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ⑰ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ

ہرگز نہ چھوٹے گا یقیناً وہ شعلہ والی آگ ہے اُدھیڑنے والی منہ کی کھال کو بلاتی ہے اس کو جس نے پیٹھ موڑی

وَ تَوَلّٰى ﴿۱۸﴾ وَ جَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿۱۹﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ﴿۲۰﴾

اور منہ پھیرلیا اور اکٹھا کیا مال پس چھپایا یقیناً آدمی پیدا کیا گیا ہے بے صبرا

اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ﴿۲۱﴾ وَّ اِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ﴿۲۲﴾

جب پہنچتی ہے اس کو برائی اضطراب کرنے والا ہوتا ہے اور جب پہنچتی ہے اس کو بھلائی منع کرنے والا ہوتا ہے

اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ الَّذِيْنَ

بجز نمازیوں کے وہ جو اپنی نماز پر ہمیشگی کرتے ہیں اور وہ جن کے

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ﴿۲۵﴾ لِّلسَّآئِلِ وَ الْمَحْرُوْمِ ﴿۲۶﴾ وَ الَّذِيْنَ

مالوں میں حصہ ہے مقرر مانگنے والے اور نہ مانگنے والے کے لیے اور وہ جو

يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۲۷﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ

تصدیق کرتے ہیں یوم جزا کی اور وہ جو عذاب سے اپنے رب کے

مُّشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿۲۹﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ

ڈرتے ہیں یقیناً عذاب ان کے رب کا نہیں کوئی اس سے بچایا گیا اور وہ جو

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں سوائے اپنی جوروؤں پر یا جن کے مالک ہوئے

اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ

داہنے ہاتھ ان کے تو یقیناً وہ نہیں ملامت کئے گئے پھر جو کوئی چاہے سوائے اس کے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ

پس یہی ہیں حد سے نکل جانے والے اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی

رٰعُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَ الَّذِيْنَ هُمْ

رعایت کرنے والے ہیں اور وہ جو اپنی شہادتوں پر قائم رہنے والے ہیں اور وہ جو

عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع فَمَالِ

اپنی نماز کی حفاظت کرنے والے ہیں یہی بہشتوں میں ہوں گے تعظیم کئے گئے پس کیا ہوا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿۳۷﴾ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ عَنِ الشِّمَالِ

ان کو جو کافر ہوئے سامنے تیرے دوڑتے ہوئے دائیں طرف اور بائیں طرف سے

عِزِيْنَ ﴿۳۷﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾

جماعت (کی صورت میں) کیا طمع رکھتا ہے ہرایک شخص ان میں سے یہ کہ داخل کیا جاوے بہشت نعمت والی میں

كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ

ہرگز نہیں یقیناً ہم نے پیدا کیا ان کو اس سے جو وہ جانتے ہیں پس میں قسم کھاتا ہوں رب مشرقوں

وَ الْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَ مَا

اور مغربوں کی یقیناً ہم البتہ قادر ہیں اس پر کہ ہم بدل ڈالیں بہتر ان سے اور نہیں

نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ يَلْعَبُوْا حَتّٰى

ہم عاجز کئے گئے پس چھوڑ دو ان کو کہ جھگڑیں وہ اور کھیلیں یہاں تک کہ

يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ

وہ ملاقات کریں اپنے دن سے جس کا وہ وعدہ دیئے جاتے ہیں جس دن نکلیں گے وہ قبروں میں سے

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

دوڑتے ہوئے گویا کہ وہ طرف بتوں کے تھانوں کے دوڑتے ہوں گے نیچے ہوں گی ان کی آنکھیں

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۲ / ۸

ڈھانکتی ہوگی ان کو ذلت یہ ہے دن وہ جس کا وہ وعدہ دیئے جاتے تھے

## سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ

اٰیاتھا ۲۹ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۱﴾

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

یقیناً ہم نے بھیجا نوح کو طرف اس کی قوم کی یہ کہ ڈرا اپنی قوم کو پہلے اس سے کہ

يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۳﴾

آوے ان کے پاس عذاب دردناک کہا اے قوم میری یقیناً میں تمہارے لیے ڈرانے والا ہوں ظاہر

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اتَّقُوْهُ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿٤﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ

یہ کہ عبادت کرو اللہ کی اور ڈرو اس سے اور میرا کہا مانو بخشے گا تمہیں

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ يُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا

تمہارے گناہ اور مہلت دے گا تم کو ایک وقت مقررہ تک یقیناً وعدہ مقرر کیا ہوا اللہ کا جب

جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٥﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ

آتا ہے نہیں مہلت دیا جاتا کاش ہوتے تم جانتے کہا اے میرے رب میں نے بلایا

وقف لازم

قَوْمِيْ لَيْلًا وَّ نَهَارًا ﴿٦﴾ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ﴿٧﴾

اپنی قوم کو شب و روز پس نہ زیادہ کیا ان کو میری پکارنے بجز نفرت کے

وَ اِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ

اور میں نے جب کبھی پکارا ان کو تا کہ بخشے تُو ان کو ڈال لیں انہوں نے اپنی انگلیاں

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَ اسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ اَصَرُّوْا وَ اسْتَكْبَرُوا

اپنے کانوں میں اور اوڑھ لیے اپنے کپڑے اور ہٹ کی اور تکبر کیا

اسْتِكْبَارًا ﴿٨﴾ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿٩﴾ ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ

تکبر کرنا بڑا پھر میں نے بلایا ان کو پکار کر پھر میں نے ظاہر بھی سمجھایا ان کو

وَ اَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿١٠﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

اور سمجھایا ان کو پوشیدہ بھی پھر کہا میں نے بخشش مانگو اپنے رب سے یقیناً وہ ہے

غَفَّارًا ﴿١١﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿١٢﴾ وَّ يُمْدِدْكُمْ

بخشنے والا بھیجے گا مینہ کو آسمان سے تم پر بہت برسنے والا اور مدد دے گا تم کو

بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِيْنَ وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّ يَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿١٣﴾

مال اور اولاد سے اور بنائے گا تمہارے لیے باغ اور بنائے گا تمہارے لیے نہریں

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿١٤﴾ وَ قَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿١٥﴾ اَلَمْ

کیا ہے تم کو نہیں ڈرتے خدا کی بزرگی سے اور اس نے پیدا کیا ہے تم کو طرح طرح سے کیا نہیں

تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿١٦﴾ وَّ جَعَلَ الْقَمَرَ

دیکھا تم نے کیسے پیدا کیے اللہ نے سات آسمان اوپر تلے اور رکھا چاند کو

فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّ جَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿١٧﴾ وَ اللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

ان میں روشن اور بنایا سورج کو چراغ اور اللہ نے اُگایا ہے تم کو زمین سے

نَبَاتًا ﴿١٨﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَ يُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿١٩﴾

ایک طرح کا اُگانا پھر واپس لے جائے گا تم کو اس میں اور نکالے گا تم کو ایک طرح کا نکالنا

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿٢٠﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا

اور اللہ نے بنایا تمہارے لیے زمین کو بچھونا تا کہ چلو اس میں راہیں

فِجَاجًا ﴿٢١﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَ اتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ

کُشادہ کہا نوح نے اے میرے رب یقیناً انہوں نے نافرمانی کی میری اور پیروی کی اس کی کہ نہ

يَزِدْهُ مَالُهٗ وَ وَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ﴿٢٢﴾ وَ مَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿٢٣﴾

زیادہ کیا جس کو اس کے مال اور اس کی اولاد نے بجز خسارہ کے اور مکر کیا انہوں نے مکر بڑا

وَ قَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَ لَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّ لَا سُوَاعًا ۙ وَّ لَا

اور کہا انہوں نے ہرگز مت چھوڑو اپنے معبودوں کو اور مت چھوڑو وَدّ کو اور نہ سُواع کو اور نہ

يَغُوْثَ وَ يَعُوْقَ وَ نَسْرًا ﴿٢٤﴾ وَ قَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَ لَا تَزِدِ

یَغُوث اور یَعُوق اور نَسر کو اور انہوں نے گمراہ کیا ہے بہتوں کو اور مت زیادہ کر

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿٢٥﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا

ظالموں کو بجز گمراہی کے بوجہ اپنے گناہوں کے وہ غرق کئے گئے پھر داخل کئے گئے

نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿٢٦﴾ وَ قَالَ نُوْحٌ

آگ میں پس نہ پایا انہوں نے اپنے لیے بجز خدا کے کوئی مدد دینے والا اور کہا نوح نے

رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿٢٧﴾ اِنَّكَ اِنْ

اے رب میرے مت چھوڑ زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا بیشک تو اگر

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَ لَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿٢٨﴾

چھوڑ دے گا ان کو وہ گمراہ کریں گے تیرے بندوں کو اور نہ جنیں گے سوائے بدکار کفر کرنے والے کے

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ

اے رب میرے بخش مجھے اور میرے والدین کو اور اس کو جو داخل ہوا میرے گھر میں ایمان لا کر اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَ لَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۹﴾

ایمان والوں اور ایمان والیوں کو اور مت زیادہ کر ظالموں کو بجز ہلاکت کے

## سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ

ایاتہا ۲۹ — رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۱﴾

(میں پڑھتا ہوں) ساتھ نام اللہ کے (جو) رحمٰن (اور) رحیم ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا

کہہ وحی کیا گیا میری طرف یہ کہ سُنا ہے ایک جماعت نے جنّوں میں سے تو کہا انہوں نے یقیناً

